NATIONAL TEXTILE UNIVERSITY
LIBRARY

NEWS CLIPPING OF THE DAY

ٹائٹل: حکومت ٹیکسٹائل انڈسٹری کی بحالی کے لیے کام کررہی ہے، افتخار بابر

ذریعہ: روزنامہ 92نیوز، صفحہ-08

تاریخ: جمعتہ المبارک 7دسمبر، 2018

فیصل آباد؛ وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹیکسٹائل سید افتخار حسین بابر نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی کا دورہ کررہے ہیں، ریکٹر پروفیسر ڈاکٹر تنویر حسین، ممبر بورڈ آف گورنرز میاں محمد لطیف ودیگر بھی موجود ہیں

حکومت ٹیکسٹائل انڈسٹری کی بحالی کیلئے کام کررہی ہے، افتخار بابر

صنعت کو بلاتعطل گیس کی فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے تاکہ ملک سے بیروزگاری کم کی جاسکے

خوشی ہے کہ نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی میں ریسرچ پر زور دیا جارہا ہے، وفاقی پارلیمانی سیکرٹری

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹیکسٹائل سید افتخار حسین بابر نے کہا کہ حکومت ٹیکسٹائل انڈسٹری کی بحالی کے لئے جامعہ منصوبہ بندی پر کام کررہی ہے اس سلسلہ (باقی صفحہ 5 نمبر15)

بقیہ | افتخار بابر | 15

میں انڈسٹری کو بلاتعطل گیس کی فراہمی کو یقینی بنایا جارہا ہے تاکہ ملک سے بے روزگاری کو کم سے کم کیا جاسکے۔ یہ بات انہوں نے نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی فیصل آباد کے دورے کے بعد میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ مجھے یہ جان کر بے حد خوشی ہوئی کہ یہ یونیورسٹی ہماری انڈسٹری خاص کر ٹیکسٹائل میں ایک کلیدی کردار ادا کررہی ہے یہاں تعلیم کے ساتھ ساتھ ریسرچ پر بھی زور دیا جارہا ہے اور یہ یونیورسٹی قومی اداروں کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی اداروں کے ساتھ مل کر کام کررہی ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ فیصل آباد گارمنٹ سٹی فیز ٹو اور تھری پر کام جاری ہے، تین سالوں میں تقریباً200 ٹیکسٹائل ملیں بند پڑی ہیں جنہیں بلاتفریق چلانے کیلئے کوشش کی جارہی ہیں۔ ان کے ہمراہ ریکٹر نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر تنویر حسین، بورڈ آف گورنرز کے ممبر میاں محمد لطیف کے علاوہ رجسٹرار یونیورسٹی سلیمان سیف بھی تھے۔